AQA

# GCSE
# URDU

## H

Higher Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Tuesday 16 May 2023 Afternoon Time allowed: 45 minutes approximately
(including 5 minutes' reading time before the test)

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

**The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.
- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A**, answer the questions in **English**. In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- You must answer **all** the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **Ask any questions now. You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the test has started, the invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

*If candidates ask any questions at this point, the invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

## Section A

Questions and answers in **English**

**0 1** **F1** اسکول کا یونیفارم پہننے سے امیر اور غریب کا فرق ختم ہو جاتا ہے لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس کے رنگ اچھے نہیں ہوتے۔

**0 2** **M1** اسکول یونیفارم پہننے سے پتا چلتا ہے کہ آپ کا تعلق کس اسکول سے ہے لیکن آپ کے کپڑوں کا فیصلہ کوئی اور کرے کہ آپ کو کیا پہننا ہے یہ اچھی بات نہیں ہے۔

**0 3** **F1** میں فرزانہ ہوں۔ میں عموماً ایسے ہوٹل میں ٹھہرنا چاہتی ہوں جو پہاڑی علاقے میں ہو تاکہ میں پورے شہر کا نظارہ کر سکوں۔

**M1** میں سلیم ہوں۔ میں چھٹیوں میں ایسے ہوٹل میں ٹھہرتا ہوں جو شہر کے مرکز میں ہو جہاں سے میں تاریخی عمارتوں کی سیر پیدل چل کر کر سکوں۔

**F2** میں مریم ہوں۔ میں چھٹیوں میں ساحل سمندر کے نزدیک ہوٹل میں ٹھہرتی ہوں تاکہ میں ٹھنڈی ٹھنڈی ریت پر چل کر اس کا مزہ لے سکوں۔

**0 4** **F1** پچھلے ہفتے مجھے سائیکل چلانے میں بہت مزہ آیا لیکن اس ہفتے برف باری کی وجہ سے پیدل چلنے میں مشکل ہو رہی ہے۔ اگلے ہفتے میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ فلم دیکھنے جاؤں گی۔

**0 5** **M2** میں پورا ہفتہ کام کرنے کی بجائے صرف دو دن کام کرنا چاہتا ہوں تاکہ میری پڑھائی متاثر نہ ہو اور مجھے پیسے بھی اچھے ملیں۔

0 6 F2 میں مستقبل میں اپنا کاروبار کرنے کی بجائے کسی ایسی کمپنی میں ملازمت کرنا چاہتی ہوں جس میں تنخواہ اچھی ہو اور اوقات بھی لمبے نہ ہوں۔

0 7 M2 میں چاہتاہوں کہ میرا خاندان بڑا ہو۔میرے لیے بہت زیادہ پیسے کمانا ضروری نہیں،مجھے بڑے گھر اور مہنگی گاڑیوں کا شوق نہیں ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میرے سب گھر والے خوش اور صحت مند رہیں۔ اس کے علاوہ میں اپنے گھر سے کام کرنا چاہتا ہوں۔

0 8 M1 میں احمد ہوں۔ مجھے چھٹیوں میں دیہات میں جانا پسند ہے تاکہ میں پہاڑوں اور دریا کی سیر کر سکوں اور قدرتی نظاروں کا لطف اٹھا سکوں۔

0 9 F1 میں فرزانہ ہوں۔ مجھے چھٹیوں میں پرانے زمانے کی چیزیں دیکھنے اور وہاں کے رسم ورواج کے بارے میں جاننے کا شوق ہے اس لیے میں ایسے شہر کا انتخاب کرتی ہوں جہاں بہت سے عجائب گھر ہوں اور پرانے گرجا گھر ہوں۔

1 0 F2 میں آمنہ ہوں۔ میں چھٹیوں میں عموماً ساحل سمندر پر جانا پسند کرتی ہوں تاکہ میں گرم موسم کا مزہ لے سکوں اور سمندر کی لہروں سے کھیل سکوں۔

1 1 M1 مجھے فہد کہتے ہیں۔ میں اور میری امی ہفتے کو خریداری کے لیے جاتے ہیں لیکن ہم اپنی گاڑی پر نہیں بلکہ بس پر بازار جاتے ہیں۔

1 2 F2 میں عالیہ ہوں۔ میں ذاتی طور پر کاغذ،پلاسٹک اور شیشے سے بنی ہوئی چیزیں ری سائیکل کرتی ہوں اور اپنے گھر والوں کو بھی ایسا کرنے کا کہتی ہوں مگر مجھے اس بات سے پریشانی ہوتی ہے کہ وہ ری سائیکل کرنا بھول جاتے ہیں۔

| 1 | 3 | M2 | مجھے وسیم کہتے ہیں۔ میں پلاسٹک اور گتے کی بنی ہوئی چیزیں اپنے گیراج میں رکھتا ہوں اور مہینے میں ایک دن ری سائیکلنگ سینٹر چلا جاتا ہوں کیونکہ یہ میرے گھر سے دس میل دور ہے۔ |
|---|---|---|---|
| 1 | 4 | F1 | ٹیکنالوجی کی وجہ سے اب کسی دکان یا کتب خانے میں کتاب پڑھنے کے لیے جانے کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ ٹیکنالوجی کی مدد سے گھرپر ہر قسم کی کتاب دستیاب ہو سکتی ہے۔ |
| 1 | 5 | M1 | ٹیکنالوجی کی وجہ سے زراعت میں کافی ترقی ہوئی ہے اب اس کی مدد سے فصلوں کی تیزی سے کاشت کی جا سکتی ہے کیونکہ فصلوں کو پانی دینےاور کٹائی کرنے میں کم وقت لگتاہے۔ |
| 1 | 6 | F2 | لوگ عام طور پر ٹیکنالوجی کی ایسی چیزیں استعمال کرتے ہیں جن کی وجہ سے ماحولیاتی نظام کو نقصان پہنچتا ہے۔ پلاسٹک کے کنٹینر اور بجلی کا سامان وغیرہ اس میں شامل ہیں۔ |
| 1 | 7 | M2 | اگرچہ ٹیکنالوجی کی بدولت نئ نوکریوں کے مواقع پیدا ہوئے ہیں اور یہ نوکریاں پڑھے لکھے افراد ہی کر سکتے ہیں لیکن مشینوں نے انسانوں کی جگہ لے لی ہے اور ان کو بے روزگار کر دیا ہے۔ |
| 1 | 8 | F1 | میرپور آزاد کشمیر کا مشہور اور دوسرا بڑاشہر ہے۔ اسے منی یورپ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں یورپ کی طرح تمام سہولیات موجود ہیں۔ یہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کے جنوب مشرق میں واقع ہے۔ |
| | | M1 | برطانیہ میں رہنے والے پاکستانی اپنے ملکِ میں جائیدادوں پر ناجائز قبضے اور جھوٹے مقدمے بنائے جانے پر سخت پریشان ہیں۔ |

| 1 | 9 | F2 | کل ہماری شادی کی سالگرہ تھی میرے شوہر مجھے ایک ریسٹورنٹ میں لے گئے۔ کھانے کے لیے چالیس منٹ انتظار کرنا پڑا۔ کھانے میں چکنائی بہت زیادہ تھی اورتازہ پھلوں کے رس بھی دستیاب نہیں تھے۔ لیکن اسٹاف کا برتاؤ بہت اچھا تھا اور ماحول بہت خوشگوار تھا۔ |

| 2 | 0 | F1 | ہم سب مل کر اپنے ہاتھوں سے لوگوں کی گاڑیاں صاف کریں گے۔ اس سے جو آمدنی ہو گی وہ بے گھر لوگوں کی مدد کرنے کے لیے استعمال کریں گے۔ |
| | | M1 | میں اپنے محلے میں گھر گھر جاکر چندہ اکٹھا کروں گا تاکہ میں غریب بچوں کی تعلیم میں مدد کر سکوں۔ |
| | | F2 | میں اپنے ساتھی طلباکے ساتھ کیک بیچنے کا پروگرام بنا رہی ہوں اور اس سے جو پیسے ملیں گے وہ ہم ایک خیراتی ادارے کو دیں گے۔ |

| 2 | 1 | M1 | میں عادل ہوں۔ مجھے کلاس میں بات نہ کرنے کی وجہ تو سمجھ میں آتی ہے لیکن کلاس کے باہر بات نہ کرنے کی پابندی سے تنگ آگیا ہوں اور میری رائے میں ایسانہیں ہونا چاہیے۔ |

| 2 | 2 | F1 | مجھے ارم کہتے ہیں۔ ہمیں اسکول میں زیور پہننے کی اجازت نہیں ہے جوکہ اچھی بات ہے لیکن اسکول میں ہمیں اپنے اسمارٹ فون لانے کی اجازت بھی نہیں ہے جوکہ مناسب نہیں۔ |

| 2 | 3 | M2 | میں زین ہوں۔ اسکول میں دیر سے آنے کی صورت میں طالب علموں کو سزا ملنا اچھی بات ہے لیکن ایک یا دو منٹ اسکول دیر سے پہنچیں تو ہمیں اسکول کے بعد ٹھہرنے کی سزا ملتی ہے۔میرے خیال میں پانچ منٹ تک دیر سے اسکول پہنچنے کی صورت میں سزا نہیں ہونی چاہیے۔ |

Turn over ▶

| | | |
|---|---|---|
| 2 4 | M1 | بسنت شروع میں ہندوؤں کا تہوار تھا لیکن اب یہ تہوار پاکستان کے بڑے شہروں میں منایا جاتا ہے ۔لوگ پتنگ اُڑاتے ہیں ، رقص کرتے ہیں اور گانے گاتے ہیں۔ |
| | F1 | کچھ عرصہ پہلے پاکستانی حکومت نے اس تہوار پر پابندی لگا دی تھی اور لوگوں کو کھیلوں کی سہولتیں دینے کے لیے ایک اسپورٹس سنٹر بنا دیا تھا۔ |

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

**2 5**

F1 آج کل کے زیادہ تر نوجوان سوشل میڈیا کا استعمال پڑھائی یا اسکول کے کام کی بجائے تفریح کے لیے کرتے ہیں۔

M1 میرا خیال ہے کہ زیادہ تر نوجوان سوشل میڈیا کا استعمال خریداری کی بجائے کسی بارے میں اپنی رائے دینے کے لیے کرتے ہیں جو کہ اچھی بات ہے۔

**2 6**

M1 میری پسندیدہ کھیلوں کی شخصیت شاہد آفریدی ہیں جو کہ ایک بہت اچھے کھلاڑی ہیں لیکن وہ ہر بال پر چھکا لگانے کی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے بعض اوقات وہ پہلی بال پر ہی آؤٹ ہو جاتے ہیں۔ اور تمہارا کیا خیال ہے عالیہ؟

F1 اگرچہ وہ ایک اچھے بالر نہیں ہیں لیکن فاسٹ بالر کی طرح تیز گیند پھینک سکتے ہیں جس کی وجہ سے کھیلنے والوں کو مشکل ہو تی ہے۔

**2 7**

M1 میرے اکثر دوست قابل اعتبار،فراخ دل اور ہنس مکھ ہیں لیکن مجھے صرف وہ دوست پسند ہیں جو آپ کے سامنے سچ بولیں۔ میرے کچھ دوست لالچی اورخود غرض ہیں۔ میں ان دوستوں کو بالکل پسند نہیں کرتا جو بھروسے کے قابل نہیں ہیں۔

**2 8**

F2 میری عُمر سترہ سال ہے اور میں ایک سیکنڈری اسکول میں دسویں جماعت کی طالبہ ہوں۔میرے سائنس کے اُستاد ہمیشہ غصے میں رہتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی بات پر ڈانٹ دیتے ہیں۔ میری مذہبی تعلیم کی اُستانی بڑی شفیق اور مہربان ہیں۔ میرے سارے اساتذہ کو مجھ سے کوئی شکایت نہیں۔میں بھی مستقبل میں پرائمری اسکول کی اُستانی کے طور پر ملازمت کرنے کا ارادہ رکھتی ہوں۔

**END OF TEST**

**There is no text printed on this page**

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2023 AQA and its licensors. All rights reserved.